عینک فریمی

زبان میری ہے بات ان کی

☆مشرف کو ٹی وی پر کہنا چاہیے تھا' بے نظیر میری ہیروئن ہے۔(بے نظیر)

کچھ ہم سے کہا ہوتا، کچھ ہم سے سنا ہوتا

☆ آیات اوپر نیچے ہو جائیں تو کوئی فرق نہیں پڑتا۔(دیوان جعفر)

یہ مسلماں ہیں جنہیں دیکھ کے شرمائیں یہود

☆ پاکستان' طالبان کو کچلنے میں تعاون نہیں کر رہا۔(نائب وزیر دفاع امریکہ)

انکل بش! اعتماد کریں' وانا آپریشن قبول کریں

☆ ڈاکٹر عبدالقدیر خان اور ان کی اہلیہ کو سول اعزاز دینے کا فیصلہ واپس (ایک خبر)

شمع سب کچھ تھی مگر صاحبِ کردار نہ تھی   ایک پروانے کو بھی دادِ جنوں دے نہ سکی

☆ پاکستان کو روشن خیال بنائیں گے۔(صدر مشرف)

دین اور مذہب کے مرقد پر شمعیں اور پروانے ہوں گے   زلفیں ہوں گی، شانیں ہوں گے، کہیں کہیں افسانے ہوں گے

☆ حذف کی گئی آیات میں جہاد اور یہود و نصاریٰ کا ذکر تھا، سب کچھ امریکی اشارے پر کیا گیا۔(اپوزیشن)

بوزنے کو رقص پر کس بات کی میں داد دوں؟

☆ عدالت میں پیش نہ ہونے پر' ایس ایچ او تھانہ کوٹ چھٹہ کی تنخواہ قرق کرنے کا حکم۔(ایک خبر)

لاکھوں کمانے والے کے لیے تنخواہ کیا حیثیت رکھتی ہے؟

☆امریکہ کے غلام نہیں کہ اس کی ہر بات آنکھیں بند کر کے مان لیں۔(وزیر خارجہ قصوری)

سوائے ان چھوٹے چھوٹے معاملات (یعنی کشمیر اور ایٹمی پروگرام وغیرہ وغیرہ)

☆ غربت صرف خدا ہی ختم کر سکتا ہے۔(وزیر اعظم جمالی)

ہم تو صرف کھانے پینے، چلنے پھرنے اور سر ہلانے کے لیے پیدا کیے گئے ہیں۔

☆اقوام متحدہ نے پاکستان کو غیر مہذب قرار دے دیا۔(ایک خبر)

کوفی عنان اور پاکستان......خدا کی شان اک کلچڑی گنجی......حضورِ بلبل بوستاں کرے نوا سنجی!